وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

اور ہم نے قرآن کو نصیحت کے لئے آسان بنایا ہے تو کیا کوئی ہے نصیحت قبول کرنے والا؟

کوئز

آؤ قرآن سمجھیں

آسان طریقہ سے

کورس-1

مرتب

مولانا الیاس امیر بغدادی

معاونین

مفتی سلیمان یاسین ندوی　　مفتی طاہر محمد ملک

مولانا یوسف فٹکرے　　مولانا وسیم مقادم

ناشر: دارالبلاغ، رتناگیری

عرض مرتب

قرآن مجید ''کتاب ہدایت'' ہے، جس سے رہنمائی حاصل کرنے اور قرآن سے مضبوط رابطہ کے لیے ضروری ہے کہ ہم اس کی زبان یعنی ''عربی زبان'' کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ تاکہ نماز اور خارج نماز جب بھی قرآن مجید کی تلاوت کی جائے تو ہم غور وفکر کے ساتھ سمجھ کر تلاوت کر سکے ۔اس مقصد سے دنیا بھر میں قرآن فہمی کے اعتبار سے مختلف کورس تیار کئے گئے ہیں اور لوگ ان سے فائدہ بھی اٹھا رہے ہیں ۔ انہی کوششوں میں ''انڈر اسٹینڈ قرآن اکیڈمی ، حیدرآباد'' کا کورس ''آؤ قرآن سمجھیں آسان طریقہ سے'' ہے۔ یہ کورس پانچ حصوں پر مشتمل ہے۔ اس کورس میں ڈاکٹر عبدالعزیز صاحب نے عربی قواعد کو بہت ہی آسان طریقہ سے سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ اور اہم بات یہ ہے کہ قرآن مجید میں کثرت سے استعمال ہونے والے اسماء وافعال کو جمع کیا ہے جس سے طلبہ میں شوق بڑھتا ہے۔

اس کورس کا فائدہ عام ہو اور طلبہ وطالبات میں مسابقت کا جذبہ پیدا ہوجائے اس لیے اس کوئز کو تیار کیا گیا ہے ۔ اس کوئز کی تیاری میں مفتی سلیمان ندوی صاحب ، مولانا یوسف فٹکورے صاحب ، مفتی طاہر ملک صاحب ، مولانا نصرالدین صاحب اور مولانا وسیم مقادم صاحب نے مختلف کاموں میں ساتھ دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان تمام کی محنتوں کو قبول فرمائے۔ آمین

یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے جس نے مجھے اور میرے ساتھیوں کو اس کام کے لیے قبول فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن وحدیث اور دین کے مختلف شعبوں میں اخلاص کے ساتھ کام کرنے کی توفیق دے اور ہماری اس کوشش کو دارین کی خیر و بھلائی اور آخرت کی سرفرازی کا ذریعہ بنائے۔ نیز اس عمل خیر کو ہمارے والدین، اساتذہ اور مرحومین کے حق میں ایصال ثواب بنائے۔ آمین

از: الیاس امیر بغدادی

کوئز کا طریقہ کار

کوئز کے کل پانچ حصے ہونگے۔

پہلا حصہ: ترجمہ قرآن سے متعلق تذکیر و تفہیم کے سوالات۔ اس کتابچہ میں سبق کے اعتبار سے سوالات تیار کئے گئے ہیں۔ طلبہ سبق کا مطالعہ بھی کریں اور ان سوالات کو بھی یاد کریں۔ بوقت ضرورت سبق سے مزید سوالات کئے جاسکتے ہیں۔

دوسرا حصہ: ترجمہ قرآن سے متعلق الفاظ کے معانی اور واحد جمع۔ اس کتابچہ میں اسے شامل کیا گیا ہے۔ طلبہ اسے یاد کریں کوئز میں اس سے بھی سوالات آئیں گے۔

تیسرا حصہ: گرامر، کتاب میں دیئے گئے صرف کے قواعد سے متعلق معلومات۔

چوتھا حصہ: گرامر، مجرد اور مزید فیہ کی گردانیں۔

پانچواں حصہ: قرآنی معلومات کے سوالات

کوئز کے پانچ حصوں میں سے چار حصے سے متعلق ہی کوئز میں سوالات ہونگے۔ البتہ فائنل میں جب برابری کا معاملہ ہوگا تو پانچویں حصہ کے سوالات کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

کوئز سے متعلق سوالات کا نمونہ بھی دیا جائے گا۔ کتابچہ میں تیسرا، چوتھا اور پانچوں حصہ بطور نمونہ دیا گیا ہے۔ اس کی مزید تفصیل کے لیے پی ڈی ایف، ڈاؤنلوڈ کرنا ہوگی۔ کتاب کو مختصر کرنے کے لیے ان حصوں کو کتاب میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔

نوٹ: اصل مقصد تو ہر اسکول میں زیادہ سے زیادہ طلبہ اس کورس سے کیسے فائدہ اٹھائیں اس کی ترتیب بنانا ہے۔ اس لیے بہتر یہ ہے کہ ہر اسکول میں کوئز کا انعقاد کیا جائے۔ اور علاقہ کے افراد اپنے تعلقہ اور ضلع کے اعتبار سے کوشش کریں۔ اس سلسلہ میں ہم سے جو بھی تعاون ممکن ہوگا ہم ان شاء اللہ ضرور کریں گے۔

از: الیاس امیر بغدادی

پہلا حصہ

سبق نمبر:۱

۱	اعوذ باللہ کے کیا معنی ہے؟	ج: میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں
۲	ہم سورہ فاتحہ میں کتنی عادتوں کو سیکھیں گے؟	ج: ۱۲ عادتیں
۳	اپنی حفاظت کرنے اور شیطان کے مسلسل حملوں سے بچنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟	ج: اعوذ باللہ پڑھنا چاہیے
۴	قرآن کی تلاوت سے پہلے تعوذ کیوں پڑھنا چاہیے؟	ج: قرآن کی تلاوت کے دوران شیطانی وسوسہ نہ آنے کے لیے
۵	قرآن میں غور کرنے کا موقع اور ہدایت کب مل سکتی ہے؟	ج: ابتدا میں اعوذ باللہ پڑھنے پر
۶	قرآن کو سمجھنا کس وقت آسان ہو گا؟	ج: الفاظ و معانی سیکھنے کے بعد
۷	تعوذ کسے کہتے ہیں؟	ج: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کو
۸	اعوذ باللہ سے ہمیں پہلی عادت کون سی سیکھنے ملی؟	ج: اپنی حفاظت کا خیال رکھیں
۹	پہلے کورس میں ہمیں قرآن کے کتنے الفاظ و معانی حاصل ہوں گے؟	ج: ۲۳۲/الفاظ و معانی
۱۰	اس کورس کے مطابق قرآن میں کتنے الفاظ ہیں؟	ج: ۷۸۰۰۰

۱۱	پہلے کورس میں ہمیں کتنی اور کون کونسی سورتیں سیکھنے ملے گی؟	ج: سورہ فاتحہ، اخلاص، نصر، عصر، کافرون، فلق اور ناس
۱۲	''قرآن مشکل ہے'' ایسا کہنا کیسا ہے؟	ج: ایک شیطانی وسوسہ ہے
۱۳	وہ کون سی سورہ ہے جسے نماز کی ہر رکعت میں پڑھنے کا حکم ہے؟	ج: سورہ فاتحہ
۱۴	اللہ کی نافرمانی کرنے کی وجہ سے شیطان کے ساتھ کیا معاملہ ہوا؟	ج: دھتکارا گیا، یعنی اللہ کی رحمت سے دور کیا گیا
۱۵	قرآن جو لکھا ہوا ہے یعنی قرآن کی کتاب اسے کیا کہتے ہیں؟	ج: مصحف
۱۶	پہلے کورس کے الفاظ قرآن مجید میں کتنے بار دہرائے جاتے ہیں؟	ج: 41000 بار
۱۷	یہ کورس کل کتنے گھنٹوں پر مشتمل ہے؟	ج: 20 گھنٹوں پر
۱۸	شیطان کون ہے؟	ج: ہمارا سب سے بڑا دشمن
۱۹	حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر اب تک کے کروڑوں انسانوں سے متعلق شیطان کو کس چیز کا تجربہ ہے؟	ج: بہکانے کا
۲۰	شیطان کس چیز سے بنایا گیا ہے؟	ج: آگ سے
۲۱	کیا ہم شیطان کو دیکھ سکتے ہیں؟	ج: نہیں ہم شیطان کو نہیں دیکھ سکتے
۲۲	شیطان کے حملوں سے بچنے کا علاج کیا ہے؟	ج: اعوذ باللہ یعنی تعوذ پڑھنا

۲۳	انسان کس چیز سے بنایا گیا ہے؟	ج: مٹی سے
۲۴	شیطان نے حضرت آدم علیہ السلام کو کس جگہ بہکایا؟	ج: جنت میں
۲۵	فرشتے کس چیز سے بنائے گئے ہیں؟	ج: نور سے
۲۶	کیا ہم غیر محفوظ ہیں اور کیوں؟	ج: جی ہاں! ہم غیر محفوظ ہیں اس لیے کہ شیطان ہم پر ہر طرف سے حملہ کرتا ہے

سبق نمبر: ۲

۱	قرآن کی پہلی مکمل سورہ کون سی ہے؟	ج: سورہ فاتحہ
۲	بسم اللہ میں اللہ کی کون سی دو صفات کا بیان ہے؟	ج: الرحمن اور الرحیم
۳	بسم اللہ سے ہمیں کون سی عادتیں سکھائی گئی ہیں؟	ج: ہر کام سے پہلے بسم اللہ کہنا اور اللہ کے بارے میں اچھا گمان رکھنا
۴	آزمائش کے موقع پر اللہ سے کیسا گمان رکھنا چاہیے؟	ج: اچھا گمان
۵	اللہ کی صفات پر کیوں غور کرنا چاہیے؟	ج: اس سے اللہ پر یقین بڑھتا ہے
۶	اللہ کے بارے میں اچھا گمان کیوں رکھنا چاہیے؟	ج: اللہ ہماری ہر ضرورت کا محبت کے ساتھ خیال رکھتا ہے اور ان کو پورا کرتا ہے
۷	الرحمن اور الرحیم کے رحمت کی مثال کس چیز سے دی گئی ہے؟	ج: موسلا دھار بارش سے جو مسلسل برستی ہے
۸	حمد کے کتنے معنی ہیں؟	ج: دو معنی ہے، تعریف اور شکر

۹	رب کسے کہتے ہیں؟	ج: وہ جو ہر ضرورت کو پورا کرتے ہوئے پرورش کرنے والا ہو
۱۰	الحمدللہ سے کونسی عادتیں معلوم ہوئیں؟	ج: دو عادتیں (۱) خوب علم حاصل کیجئے اور کائنات میں غور کیجئے۔ (۲) اللہ کا شکر ادا کیجئے
۱۱	اللہ کے احسانات اور انعامات کو یاد کر کے کیا کرنا چاہیے؟	ج: اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے
۱۲	رحمت کا کیا مطلب ہے؟	ج: محبت کے ساتھ خوب خیال رکھنا اور ضرورتوں کو پورا کرنا
۱۳	الرحمن الرحیم میں کونسی حدیث ہمیں یاد دلائی گئی ہے؟	ج: "جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا"
۱۴	الرحمن الرحیم میں کون سی عادت کا ذکر ہے؟	ج: دوسروں پر رحم کیجیے

سبق نمبر: ۳

۱	دین کے کتنے معنی ہیں اور کون کون سے؟	ج: دو/ ۱: بدلہ ۲: زندگی گزارنے کا طریقہ
۲	قیامت کے دن کا مالک کون ہوگا اور اس دن کس کی حکومت ہوگی؟	ج: قیامت کے دن کا مالک "اللہ" ہوگا اور "اللہ" ہی کی حکومت ہوگی
۳	روزِ قیامت سفارش کا حق کسے ہوگا؟	ج: جسے اللہ اجازت دے

۴	قیامت کے دن آدمی کا کیا حال ہوگا؟	ج: آدمی اپنے بیٹے، بیوی، ماں باپ تمام رشتہ داروں سے بھاگے گا اور اسے صرف اپنی ہی فکر ہوگی۔
۵	مالک یوم الدین سے کون سی عادت سیکھنے ملی؟	ج: آخرت کو سامنے رکھتے ہوئے ہر دن کا پلان بنانا
۶	مالک یوم الدین آیت کو پڑھتے ہوئے کیا کیفیت ہونی چاہیے؟	ج: یہ امید ہو کہ قیامت کے دن اللہ اچھائی کا بدلہ اچھائی سے دے گا اور یہ ڈر ہو کہ کہیں اللہ تعالی کی طرف سے سزا نہ ملے
۷	اللہ نے ہمیں کس لیے پیدا کیا؟	ج: اس کی بندگی یعنی عبادت کے لیے
۸	ہم سب اللہ کی عبادت کرتے ہیں اس عبادت کے لیے ہمیں کس سے مدد حاصل کرنی چاہیے؟ کس آیت سے معلوم ہوتا ہے؟	ج: اللہ تعالی سے مدد حاصل کرنی چاہیے اور ایاک نعبد و ایاک نستعین میں ذکر ہے
۹	ایاک نعبد کا کیا معنی ہے؟	ج: ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں
۱۰	اللہ کی صحیح طریقے پر عبادت کرنے سے ہمیں کیا حاصل ہوگا؟	ج: سکون و کامیابی
۱۱	"ایاک نعبد" میں کن عادتوں کی طرف اشارہ ہے؟	ج: دو عادتیں (۱) ہر کام میں عبادت کی نیت ہو (۲) ہر کام میں اللہ سے مدد مانگنا

۱۲	ہر کام میں مدد لینا اللہ سے ہے لیکن مدد کس طرح حاصل ہوگی؟	ج: جیسے انبیاء علیہم السلام نے مانگا (نماز و دعا کے ذریعے)
۱۳	اللہ نے نماز کو کتنے حصوں پر تقسیم کیا اور کس کس کے درمیان؟	ج: دو حصوں پر اپنے اور اپنے بندے کے درمیان
۱۴	اللہ تعالی نے انسان اور جنات کی تخلیق کا مقصد کس آیت میں بتایا ہے؟	ج: وما خلقت الجن و الانس الا لیعبدون
۱۵	جب بندہ الحمد للہ رب العالمین کہتا ہے تو اللہ تعالی کیا فرماتے ہیں؟	ج: حَمِدَنِی عَبْدِی
۱۶	جب بندہ الرحمن الرحیم کہتا ہے تو اللہ کیا فرماتے ہیں؟	ج: أَثْنىٰ عَلَيَّ عَبدِيْ
۱۷	جب بندہ مالک یوم الدین کہتا ہے تو اللہ تعالی کیا فرماتے ہیں؟	ج: مَجَّدَنِی عَبْدِی
۱۸	ایاک نعبد میں کون سی حدیث ذکر کی گئی ہے؟	ج: ''دعا ہی عبادت ہے''
۱۹	جب بندہ ایاک نعبد و ایاک نستعین کہتا ہے تو اللہ تعالی کیا فرماتے ہیں؟	ج: یہ میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے جو کچھ اس نے مانگا اسے دوں گا
۲۰	اھدنا الصراط المستقیم سے آخر تک اللہ تعالی کیا فرماتے ہیں؟	ج: یہ میرے بندے کے لیے ہیں جو کچھ وہ مانگے گا سب کچھ اسے ملے گا

سبق نمبر:۴

۱	سیدھے راستے کی ہدایت سے کیا مطلب ہے؟	ج: زندگی کے ہر کام میں سیدھا راستہ دکھا اور اس پر چلنے کی توفیق دے
۲	ہدایت کا سب سے پہلا قدم کیا ہے؟	ج: مسلمان ہونا
۳	ہدایت کہاں ملتی ہے؟	ج: قرآن سمجھ کر پڑھنے اور آپ ﷺ کی تعلیمات میں
۴	ایمان کو کس طرح تازہ رکھا جاسکتا ہے؟	ج: نماز اور دیگر عبادات سے اور حدیث و سیرت کے مطالعے سے
۵	اھدنا الصراط المستقیم میں کون سی عادت بتائی گئی ہے؟	ج: ہر کام میں اللہ سے ہدایت مانگنا
۶	اللہ نے کن لوگوں پر انعام کیا؟	ج: انبیاء صدیقین شہداء اور صالحین
۷	انبیاء کا کیا راستہ تھا؟	ج: عمل، دعوت، تزکیہ، نیکی کا حکم اور برائی سے روکنا
۸	ہمیں اچھا بننے کے لیے کیسے نمونہ اور ماڈل کے طریق پر چلنا ہوگا؟	ج: اچھے ماڈل کے بارے میں پڑھنا اور ان جیسے اعمال کرنا ہوگا
۹	صراط الذین کی عادت بتائیے؟	ج: اچھے ماڈل کے طریق پر چلنا
۱۰	سورہ فاتحہ میں صراط مستقیم سے ہٹے ہوئے کن دو گروہ کا تذکرہ؟	ج: دو گروپ ہیں المغضوب علیہ اور الضالین

۱۱	مغضوب علیہ کسے کہتے ہیں؟	ج: جاننے کے باوجود عمل نہیں کرتے
۱۲	الضالین سے کیا مراد ہے؟	ج: جانتے نہیں تھے جانے بغیر عمل کرتے ہیں
۱۳	غیر المغضوب میں کس عادت کا ذکر ہے؟	ج: برے ماڈل سے دور بھاگنا
۱۴	ہر نماز میں جو قرآن پڑھا جاتا ہے وہ ہمارے لیے کیا ہے؟	ج: ہدایت کا تحفہ

سبق نمبر: ۵

۱	اللہ تعالی کا مقابلہ ہم کسی چیز سے کیوں نہیں کر سکتے؟	ج: کیوں کہ ہر چیز اسی کی بنائی ہوئی ہے
۲	اللہ کے بارے میں علم کیوں حاصل کرنا چاہیے؟	ج: جتنا علم حاصل کریں گے اتنی ہی زیادہ دل سے تعریف نکلے گی۔
۳	فجر کی اذان سن کر اگر ہم سوتے رہے تو ہم نے کس کی بات مانی؟	ج: نفس کی
۴	الٰہ کے کتنے معنی ہیں؟ اور کون کونسے؟	ج: تین معانی ہیں۔ ۱: جس کی پوجا کی جائے۔ ۲: ضرورتوں کو پورا کرنے والا۔ ۳: حکم مانا جائے اور اطاعت کی جائے
۵	زندگی میں ہمیں کس کے بنائے ہوئے قانون کی اتباع کرنی چاہیے؟	ج: اللہ کے

۶	مسلمانوں کو اسلام کی شہادت دینا اور آپ ﷺ کے بارے میں بھی لوگوں کو بتانا ہے تو ہم کو ان چیزوں کی یاد دہانی کن کن اعمال میں کرائی جاتی ہیں؟	ج: ہر اذان، ہر اقامت اور ہر تشہد میں
۷	آپ ﷺ کی اطاعت کے لیے کسی دلیل کی ضرورت ہے؟	ج: نہیں
۸	نماز کو مسجد میں پڑھنے کے کیا فائدے ہیں؟	ج: دل دماغ کا فائدہ، جسمانی فائدہ، وقت کی پابندی، اجتماعی فائدہ اور آخرت میں کامیابی
۹	مسجد میں آنے کے اجتماعی فائدے کیا ہیں؟	ج: روزانہ دوستوں سے ملاقات، رشتہ داروں سے ملاقات اور ان کے خوشی و غم میں شرکت
۱۰	مسجد میں آنے کا سب سے اہم فائدہ کیا ہے؟	ج: آخرت میں ہمیشہ کے لیے فلاح و کامیابی
۱۱	کامیابی کی یاد دہانی کس لیے ہے؟	ج: انسان سمجھتا ہے کہ نماز سے کام رک جائیں گے اس لیے کامیابی کی یاد دہانی ہے
۱۲	اذان کی آواز سن کر ہم مسجد جائیں تو ہمارا کیا فائدہ ہو گا؟	ج: دنیا و آخرت کی کامیابی ملے گی
۱۳	ہم وقت کے پابند کس طرح بن سکتے ہیں؟	ج: نمازوں کو ان کے وقت پر پڑھ کر ہم وقت کے پابند بن سکتے ہیں
۱۴	نماز میں قرآن پر غور کرنے سے کن چیزوں میں اضافہ ہو گا؟	ج: ہدایت، ایمان اور عقل و حکمت

۱۵	حق و باطل کی کسوٹی کیا ہے؟	ج: قرآن اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت
۱۶	محمد رسول اللہ کی گواہی کا کیا مطلب ہے؟	ج: میری باتیں، عمل میرا ہر کام گھر آفس ہر جگہ آپ کی سنت کے مطابق ہو
۱۷	نماز کے لیے مسجد میں آنے کے جسمانی فائدے کیا ہیں؟	ج: وضو کے ذریعہ صفائی، جسم کے لئے ورزش جیسے نماز کو آنا جانا، اٹھنا بیٹھنا وغیرہ

سبق نمبر:۶

۱	نماز اور نیند کس کی پکار ہیں؟	ج: نماز اللہ کی اور نیند نفس کی
۲	جسم اور روح کی راحت کیا ہے؟	ج: جسم کی راحت نیند ہے اور روح کی راحت نماز ہے
۳	اقامت کے الفاظ کیا ہیں؟	ج: جو اذان کے الفاظ ہیں۔ البتہ حی علی الفلاح کے بعد قد قامت الصلوٰۃ کا اضافہ ہو گا۔
۴	اقامت کس لیے پڑھی جاتی ہے؟	ج: نماز کا اعلان جو لوگ نماز کے منتظر ہیں ان کے لیے
۵	وضو کے بعد کی دعا کی کیا فضیلت ہے؟	ج: جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیے جاتے ہیں جس سے چاہے وہ داخل ہو جائے
۶	موت سے متعلق کتاب میں کس حدیث کا ذکر ہے؟	ج: جس کا کلمۂ آخر لا الہ الا اللہ ہو گا وہ جنت میں داخل ہو گا

۷	وہ کون سی چیز ہے جسے اللہ ہرگز معاف نہیں کرے گا؟	ج: شرک
۸	اللہ نے شرک کے دروازے کو اس امت پر کس طرح بند کیا ہے؟	ج: آپ ﷺ کے حقیقی مرتبے کو بتا کر اور اس پر ہر مومن سے روزانہ گواہی دلوا کر
۹	ہمارے لیے بہترین نمونہ کون ہیں؟	ج: آپ ﷺ
۱۰	بار بار توبہ کیوں کرنا چاہیے؟	ج: بار بار غلطیاں اور کوتاہیاں ہونے کی وجہ سے
۱۱	توبہ کے کیا شرائط ہیں؟	ج: غلط کام سے رک جائے، غلطی پر شرمندگی ہو، آئندہ نہ کرنے کا عزم ہو اور جن کا حق مارا ہے ان کے حقوق لوٹا دے
۱۲	وضو کے بعد کی دعا میں کس طرح کی پاکی کا تذکرہ ہے؟	ج: لباس و مکان کی، خیالات و عقیدہ کی اور ہر قسم کی
۱۳	وضو کے بعد کی دعا سنائیے؟	ج: اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له واشهد ان محمدا عبده ورسوله اللهم اجعلني من التوابين واجعلني من المتطهرين
۱۴	اذان کس بات کا اعلان ہے؟	ج: لوگ نماز کے لیے مسجد میں آجائیں
۱۵	جس کا کلمہ آخری لا الہ الا اللہ اس کے لیے کیا خوشخبری ہے؟	ج: جنت میں داخلے کی
۱۶	قریب المرگ شخص کو کس چیز کی تلقین کرنی چاہیے؟	ج: لا الہ الا اللہ کی

سبق نمبر:۷

۱	سبحان ربی العظیم میں ہمیں کتنی باتیں یاد دلائی گئی ہیں اور کون کون سی؟	ج: چار باتیں/ا: رب پاک ہے ۲: وہ رب ہے ۳: وہ میرا رب ہے ۴: وہ عظیم ہے
۲	سمع اللہ لمن حمدہ میں سننے کا کیا مطلب ہے؟	ج: وہ دعا قبول کرتا ہے
۳	کیا اللہ ہماری حمد کے محتاج ہیں؟	ج: نہیں
۴	حمد کا پورا فائدہ کسے ملتا ہے؟	ج: ہمیں ہی ملتا ہے؟
۵	سمع اللہ لمن حمدہ کے جواب میں ہمیں کن الفاظ سے اللہ کی حمد کرنی چاہیے؟	ج: ربنا لک الحمد
۶	خوشگوار زندگی گزارنے کے لیے ہمیں کس طرح کے خیالات رکھنے ہوں گے؟	ج: شکر سے بھرپور خیالات
۷	سجدے کی حالت کا کیا مطلب ہے؟	ج: مکمل سپردگی
۸	سجدے کی دعا میں کون سی چار باتیں بتائی گئی ہیں؟	ج: (ا) اللہ کی پاکی (۲) اس کا رب ہونا (۳) وہ میرا رب ہے (۴) اس کی بلندی
۹	بندہ اللہ سے قریب کس وقت ہوتا ہے؟	ج: سجدے کی حالت میں
۱۰	زندگی خوشگوار گزارنے کے لیے دو اہم چیزیں کون سی ہے؟	ج: مثبت رویہ اور شکر
۱۱	ہم نماز میں کس تسبیح کو زیادہ دہراتے ہیں؟ اور کتنے مرتبہ	ج: "سبحان ربی" ۲۰۰ سے زائد

۱۴	مثبت رویہ کس طرح پیدا ہوگا؟	ج: اللہ سے بالکل راضی ہو اور کوئی شکایت نہ ہو
۱۵	زندگی کے امتحان میں کامیابی کے لیے کیا دعا کرنا چاہیے؟	ج: اے اللہ میری مدد فرما
۱۶	اللہ نے جن چیزوں کو بطور آزمائش رکھا ہے کیا ان میں کوئی عیب ہے؟	ج: نہیں
۱۷	زندگی کے ہر امتحان کو کس طرح قبول کرنا چاہیے؟	ج: بغیر شکایت کے

سبق نمبر: ۸

۱	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جملہ کس وقت فرمایا؟ "عکاشہ اس میں تم پر سبقت لے گئے"	ج: حضرت عکاشہ کے بعد دوسرے صحابی نے اٹھ کر جنت کا سوال کیا اس وقت فرمایا
۲	تحیات میں جو عکاشہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اس سے ہمیں کیا سیکھ ملتی ہے؟	ج: اچھی بات سنتے ہی جلدی دعا کرنی چاہیے
۳	تحیات کی ابتدا میں کن عبادتوں کا ذکر ہے؟	ج: تین (۱) قولی (۲) بدنی (۳) مالی عبادت
۴	تحیات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کتنی چیزوں کی دعا کا ذکر ہے؟	ج: تین (۱) سلام (۲) رحمت (۳) برکت
۵	رحمت کے کیا معنی ہیں؟	ج: اللہ کا احسان و فضل

۶	السلام علیکم کا کیا مطلب ہے؟	ج: آپ پر ہر قسم کی سلامتی ہو
۷	رحمت کسے حاصل ہوگی؟	ج: جو عمل سے اسے حاصل کرنے کی کوشش کرے گا
۸	اگر ہمیں کروڑوں لوگوں کی دعائیں لینی ہے تو ہمیں کیا کرنا ہوگا؟	ج: ہمیں صالح بننے کی کوشش کرنی ہوگی
۹	آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے لیے کیا ہیں اور اللہ کے کیا ہیں؟	ج: آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے لیے بہترین اسوہ اور اللہ کے بہترین بندے اور رسول ہیں
۱۰	امت وسط کا کیا مطلب ہے؟	ج: درمیانی راہ والی امت
۱۱	روزانہ ہم کتنے مرتبہ شہادت کے الفاظ سنتے ہیں؟	ج: ۲۵ سے ۳۰ مرتبہ
۱۲	تحیات میں قولی عبادت کا کیا مطلب ہے؟	ج: نماز، ذکر، تلاوت، اچھی بات کرنا، صحیح راستہ بتانا وغیرہ
۱۳	تحیات میں بدنی عبادت کا کیا مطلب ہے؟	ج: نماز، روزہ، حج، تربیت کرنا، تعلیم وغیرہ
۱۴	تحیات میں مالی عبادت کا کیا مطلب ہے؟	ج: حج، زکوٰۃ، صدقات وغیرہ

سبق نمبر:۹

۱	درود کسے کہتے ہیں؟	ج: آپ ﷺ کے حق میں دعا کرنا
۲	آج ہم مسلمان ہیں تو کس کی بدولت ہیں؟	ج: آپ ﷺ کی قربانیوں کی بدولت

۳	آپ ﷺ کی اتنی قربانیوں کے بعد ہم آپ کے لیے کیا کرسکتے ہیں؟	ج: دعا کرسکتے ہیں
۴	آپ ﷺ پر ایک مرتبہ درود بھیجنے کی کیا فضیلت ہے کتاب میں؟	ج: اللہ اس پر دس رحمت بھیجے گا
۵	آل کے کتنے معنی ہیں اور کون کون سے؟	ج: دو: (۱) آپ ﷺ کی اولاد وازواج (۲) اتباع کرنے والے
۶	آپ ﷺ تمام انبیاء کے کون ہیں؟	ج: سردار
۷	حضرت ابراہیمؑ کو اللہ نے کیا مقام دیا تھا؟	ج: ایسی امامت و مقام دیا تھا کہ تمام یہودی و عیسائی آپ کی نبوت کو مانتے تھے
۸	اعمال میں برکت کا کیا مطلب ہے؟	ج: ان کی قبولیت، بہترین بدلہ اور ترقی
۹	درود کے کتنے حصے ہیں اور ان میں کون سی دعائیں مانگی گئی ہیں؟	ج: دو حصے ہیں (۱) صلاۃ کی دعا (۲) برکت کی دعا
۱۰	مجید کے کیا معنی ہیں؟	ج: بزرگی والا، بڑائی میں کامل
۱۱	آل محمد کو برکت دے اس کا کیا مطلب ہے؟	ج: آپ ﷺ کی اولاد اور متبعین کو برکت دے
۱۲	آپ ﷺ کی محبت واطاعت کو بڑھانے کے لیے ہمیں کیا کوشش کرنی چاہیے؟	ج: سیرت پڑھنا اور آپ ﷺ کی باتوں پر عمل کرنا چاہیے

سبق نمبر:۱۰

۱	دنیا کی حسنہ میں کتنی چیزوں کا تذکرہ کیا گیا ہے؟	ج:تین:(۱)ضروریات زندگی (۲) آخرت کے لیے سود مند (۳) امن وسکون
۲	کوئی بھی چیز حسنہ کب ہوگی؟	ج:جب آخرت کے اعتبار سے درست ہو
۳	آخرت کی حسنہ میں سب سے بڑھ کر کیا چیز ہے؟	ج:دیدار الٰہی اور رضائے الٰہی
۴	گناہوں سے صفائی کی سب سے آسان صورت کیا ہے؟	ج:استغفار
۵	آپ ﷺ روزانہ کتنی مرتبہ استغفار کیا کرتے تھے؟	ج:۱۰۰سے زائد
۶	آپ ﷺ نے حضرت معاذؓ کو اللہ کی قسم کے ساتھ کس دعا کے پڑھنے کی وصیت کی؟	ج:اللهم اعني على ذكرك وشكرك وحسن عبادتك
۷	عملی شکر کا کیا مطلب ہے؟	ج:نعمتوں کا صحیح استعمال
۸	اچھی عبادت کسے کہتے ہیں؟	ج:جو اللہ تعالی کو پسند آئے

سبق نمبر:۱۱

۱	اخلاص کا کیا معنی ہے؟	ج:خالص عقیدہ
۲	سورہ اخلاص کتنے قرآن کے برابر ہے؟	ج:تہائی قرآن کے برابر
۳	حدیث مبارکہ میں آپ ﷺ نے سورہ اخلاص کی کیا فضیلت بتائی ہے؟	ج:تہائی قرآن کے برابر ہے

۴	ہمیں کس کی عبادت کرنی چاہیے، ہمارا معبود کون ہے؟	ج: اللہ تعالی کی عبادت کرنی چاہیے، اور ہمارا معبود اللہ ہے
۵	کن سورتوں کو ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ اور فجر و عصر کے بعد تین مرتبہ پڑھنا سنت ہے؟	ج: سورہ ناس فلق اور اخلاص
۶	اللہ کے ایک ہونے کے چار اہم پہلو بیان کیجئے؟	ج: ۱: ذات ۲: صفات ۳: حقوق ۴: اختیارات
۷	صفات میں ایک ہونے کا کیا مطلب ہے؟	ج: اللہ کے صفات والا کوئی اور نہیں ہے وہ اکیلا ہے ان تمام صفات میں
۸	اللہ کا اختیارات میں ایک ہونے کا کیا مطلب ہے؟	ج: اللہ کے اختیارات میں اس کے برابر کوئی شریک نہیں ہے
۹	ہمیں دین کی تبلیغ کس انداز میں کرنی چاہیے؟	ج: حکمت اور بہترین انداز میں
۱۰	اللہ کا ذاتی نام کیا ہے؟	ج: اللہ
۱۱	الصمد کا کیا مطلب ہے؟	ج: اللہ کو کسی انسان یا کسی دوسری چیز کی ضرورت نہیں وہ تمام سے بے نیاز ہے
۱۲	تمام مخلوقات کی ضروریات کو کون پورا کرتا ہے؟	ج: اللہ
۱۳	اللہ کی ذات کب سے ہے اور کب تک رہے گی؟	ج: ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی
۱۴	عیسائیوں نے حضرت عیسی علیہ السلام کے متعلق کون سا غلط عقیدہ گڑھ لیا ہے؟	ج: ان کو اللہ کا بیٹا بنا دیا

۱۵	اللہ کی عظمت ذہن میں چھا جائے اس لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟	ج: اللہ کی صفات اور قرآن کی آیات میں غور کرنا چاہیے
۱۶	کس سورہ کے بارے میں آپ ﷺ نے فرمایا: اس سورہ سے محبت نے تمہیں جنت میں داخل کر دیا؟	ج: سورہ اخلاص
۱۷	اللہ کا حقوق میں ایک ہونے کا کیا مطلب ہے؟	ج: پوجا، پرستش، عبادت اور رکوع و سجدہ وغیرہ صرف اللہ ہی کو کرنا ہے
۱۸	اللہ کا ذات میں ایک ہونے کا کیا مطلب ہے؟	ج: اللہ ایک ہے، اس کو ماں باپ، بھائی بہن کوئی نہیں

سبق نمبر ۱۲

۱	ہماری حفاظت کے لیے بہترین دو سورتیں کون سی ہیں؟	ج: الفلق والناس
۲	سورہ فلق کے ضمن میں حضرت عائشہؓ نے آپ ﷺ کی کس سنت کو بیان کیا ہے؟	ج: جب آپ ﷺ بستر پر آتے تو اپنے ہاتھوں پر پھونکتے اور معوذات پڑھ کر بدن پر دم کرتے
۳	ہمیں کس کی پناہ میں آنا چاہیے اور ہماری حفاظت کون کرتا ہے؟	ج: اللہ کی پناہ میں آنا چاہیے اور اللہ ہی حفاظت کرتے ہیں
۴	شر کے کیا معنی ہیں؟	ج: شر، تکلیف، ہر وہ چیز جو انجام کے لحاظ سے بری ہو

۵	سورہ فلق اور ناس کو کون سی سورہ کہتے ہیں؟	ج: معوذتین
۶	من شر ما خلق میں کس شر کا ذکر ہے؟	ج: ہر قسم کی شر شامل ہے
۷	سورہ فلق میں کن تین شرور کا خاص ذکر کیا گیا ہے؟	ج: غاسق، نفاثات اور حاسد
۸	رات دیر تک جاگنے کے کیا نقصانات ہیں؟	ج: فجر کے لیے اٹھنا مشکل، صحت خراب اور صبح کے کام خراب
۹	رات کے شر سے کیوں پناہ مانگی گئی ہے؟	ج: کیونکہ اکثر غلط کام اور چیزیں رات ہی میں ہوتے ہیں
۱۰	جب ہم سوتے ہیں تو شیطان کیا کرتا ہے؟	ج: ہماری گدی پر تین گرہیں لگاتا ہے
۱۱	شیطان سوتے وقت کیا منتر پڑھ کر پھونکتا ہے؟	ج: رات لمبی ہے سوتے رہو
۱۲	شیطان انسان پر جو تین گرہیں لگاتا ہے وہ کب کھلتی ہیں؟	ج: جب انسان اٹھتے وقت اللہ کا ذکر کرتا ہے اور وضو کر کے نماز پڑھ لیتا ہے
۱۳	حسد کسے کہتے ہیں؟	ج: دوسروں کو جو نعمت ملی ہے وہ ان سے چھن جائے
۱۴	حسد سے متعلق آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟	ج: حسد سے بچو! حسد نیکیوں کو اس طرح کھاتا ہے جیسے آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے

سبق نمبر:۱۳

۱	مصحف کی ترتیب کے اعتبار سے قرآن کریم کی سب سے آخری سورہ کون سی ہے ؟	ج:سورہ ناس
۲	برائی کا پہلا حملہ کیا ہے ؟	ج:وسوسہ
۳	وسوسہ کسے کہتے ہیں ؟	ج:مسلسل کسی کے دل میں بری بات ڈالنا کہ اسے محسوس بھی نہ ہو
۴	برائی عادت کب بن جاتی ہے اور برائی کا انجام کیا ہے ؟	ج:جب برائی کو بار بار کیا جائے تب اور دنیا وآخرت کا خسارہ
۵	شیطان وسوسہ کب ڈالتا ہے ؟	ج:جب ہم اللہ کے ذکر سے غافل ہوں
۶	سورہ ناس میں ذکر کی گئی دل کی چند بیماریاں بتائیے ؟	ج:جہالت ، شکوک ،نفاق ،کینہ ، کپٹ وغیرہ
۷	آپ ﷺ نے یہ جملہ کن سورتوں کے نزول کے وقت فرمایا: "ان کے مثل کبھی نہیں دیکھی گئی"؟	ج:سورہ فلق اور ناس

سبق نمبر:۱۴

۱	سورۃ العصر میں کس چیز کا فارمولا بتایا گیا ہے ؟	ج:خسارے سے بچنے کا (نجات کا)
۲	سورہ عصر میں چار خصوصیات کون سی بیان کی گئی ہیں ؟	ج:عقیدہ، اعمال صالحہ، ایک دوسرے کو نصیحت اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت

۳	سورہ عصر میں ذکر کی گئی شخصی خصوصیات بیان کیجیے؟	ج: عقیدہ اور اعمال صالحہ
۴	سورہ عصر کے شروع میں اللہ نے زمانے کی قسم کیوں کھائی ہے؟	ج: آگے جو بات بیان کی جا رہی ہیں اس پر زمانہ گواہ ہے کہ زمانہ اسی طرح ہے
۵	سورہ عصر میں ذکر کی گئی اجتماعی دو خصوصیات بیان کیجیے؟	ج: نصیحت اور صبر
۶	سورہ عصر کی پہلی دو آیات میں کتنی مرتبہ تاکید آئی ہے اور کون کون سے الفاظ کے ساتھ؟	ج: چار مرتبہ: (۱) قسم (۲) بے شک (۳) البتہ (۴) اکثریت خسارے میں ہے
۷	سورہ عصر کی روشنی میں نقصان میں کون لوگ نہیں ہیں؟	ج: ایمان و نیک اعمال کے ساتھ حق پر عمل کرتے ہوئے صبر کی وصیت کرنے والے
۸	ایمان کو مضبوط بنانے کے لیے ہمیں کیا کرنا ہو گا؟	ج: قرآن کی سمجھ کر تلاوت اور حدیث کا مطالعہ
۹	سورہ عصر میں کن دو اچھی باتوں کا تذکرہ ہے؟	ج: ایک دوسرے کو نصیحت اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت
۱۰	صبر کسے کہتے ہیں؟	ج: برداشت کرنا، اپنے آپ پر قابو رکھنا، ثابت قدمی اور مستقل مزاجی کو
۱۱	حق بات پہنچانے کے لیے کس کی ضرورت ہے اور ہمیں اسے حاصل کرنے کے لیے کیا کرنا ہو گا؟	ج: علم کی ضرورت ہے اور علم قرآن و حدیث کو پڑھنے اور سمجھنے سے حاصل ہوتا ہے

۱۲	سورہ عصر میں ذکر کی ہوئی تمام باتوں سے بچنا ضروری ہے یا کسی ایک سے محفوظ ہو گئے تو خسارے سے بچ جائیں گے ؟	ج: تمام باتوں سے بچنا ضروری ہے

سبق نمبر:۱۵

۱	قرآن کریم کی مکمل آخری سورہ کون سی ہے ؟	ج: سورہ نصر
۲	نیک کام میں ہمارا رویہ کیا ہونا چاہیے یہ کس سورہ میں بتایا گیا ہے ؟	ج: سورہ نصر
۳	سورہ نصر میں فتح کا کیا مطلب ہے ؟	ج: فتح مکہ
۴	فتح مکہ کب ہوا؟	ج: آٹھ ہجری
۵	ایک طالب علم کو بہترین علم کیوں حاصل کرنا چاہیے؟	ج: اسلام کی بہترین انداز میں خدمت کرنے کے لیے
۶	سورہ نصر میں فتح و نصرت کا کیا نتیجہ بتایا گیا ہے ؟	ج: لوگوں کا دین میں داخل ہونا
۷	حمد اور تسبیح کے کیا معنی ہے ؟	ج: تمام تعریفات اللہ کے لیے اور تسبیح سبحان اللہ (اللہ پاک ہے
۸	نیک کام کی توفیق ملنے پر ہمیں کیا کرنا چاہیے ؟	ج: تسبیح حمد و استغفار
۹	انسان کو کامیابی کے بعد کیا کرنا چاہیے ؟	ج: اللہ کی حمد و تعریف اور تسبیح

سبق نمبر:۱۶

۱	سورہ کافرون کس وقت نازل ہوئی؟	ج:اسلام کے پھیلنے کے وقت
۲	اسلام کو پھیلتا دیکھ کر مشرکین مکہ نے آپ ﷺ کے سامنے پہلی پیشکش میں کتنی چیزیں پیش کی؟	ج:تین چیزیں/۱:دولت ۲:عورت ۳:سرداری
۳	اسلام کو پھیلتا دیکھ کر آپ ﷺ کو روکنے کے لیے مشرکین نے دوسری پیشکش کیا کی؟	ج:ایک سال مشرکین ایک خدا کی عبادت کریں گے اور دوسرے سال آپ ﷺ بتوں کی عبادت کریں
۴	فجر اور مغرب کی سنتوں میں آپ ﷺ کون سی سورتیں پڑھا کرتے؟	ج:سورہ کافرون اور اخلاص
۵	سوتے وقت سورہ کافرون پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟	ج:شرک سے براءت
۶	کافر کسے کہتے ہیں؟	ج:حق کو ٹھکرانے والا، حق بات پہنچنے کے بعد سمجھ کر انکار کرنے والا
۷	قرآن میں 'یا ایہاالناس' کن لوگوں کے لیے استعمال کیا گیا ہے؟	ج:مسلمان اور عام غیر مسلموں کے لیے
۸	کافروں کا اصل مسئلہ کیا تھا وہ اسلام قبول کیوں نہیں کر رہے تھے؟	ج:اپنے نفس، مال، تجارت اور عہدے کی وجہ سے سب جانتے ہوئے بھی وہ انکار کر رہے تھے

۹	عبادت کے کتنے معنی ہیں؟	ج: تین ا: محبت و عقیدے کے ساتھ عبادت ۲: اطاعت و فرمانبرداری ۳: غلامی
۱۰	اللہ اور رسول کی اطاعت میں شریعت کے معاملے میں کسی اور کی اتباع کر سکتے ہیں؟	ج: نہیں
۱۱	اللہ کو کون سی عبادت ہرگز قبول نہیں؟	ج: جس میں شرک کی ملاوٹ ہو
۱۲	سورہ کافرون کی آیت دو اور چار میں کیا کہا گیا ہے؟	ج: میں نہ شرک اب کرتا ہوں اور نہ مستقبل میں کروں گا
۱۳	دین میں جب کوئی مصالحت کی پیشکش کرے تو ہمیں کیا جواب دینا چاہیے؟	ج: تمھارے لیے تمھارا دین میرے لیے میرا دین
۱۴	اسلام کی دعوت مل کر کیوں دینی چاہیے؟	ج: تاکہ سب کی دنیا و آخرت سدھر جائے اور آگ سے نجات ملے

سبق نمبر: ۱۷

۱	قرآن کے نازل کرنے کا مقصد کیا ہے؟	ج: غور و فکر اور نصیحت حاصل کرنا
۲	قرآن کریم کس کی کتاب ہے اور کس کے ذریعے اتاری گئی؟	ج: اللہ کی کتاب ہے حضرت جبرئیلؑ کے ذریعے اتاری گئی
۳	کیا برکت کی زیادتی ہمیں نظر آتی ہے؟	ج: نہیں لیکن محسوس ہوتی ہے
۴	جس رات میں قرآن کریم اترا ہے اس رات کی فضیلت بتائیے؟	ج: وہ رات ہزار مہینوں سے بہتر ہے

۵	علم وعمل کے میدان میں مسلمان کب تک آگے تھے؟	ج: جب تک وہ قرآن سے جڑے تھے
٦	نعمت کا بہترین استعمال کیا ہے قرآن کریم سے ہم کس وقت فائدہ اٹھانے والے ہوں گے؟	ج: نعمت کا بہترین استعمال اس سے فائدہ اٹھانا۔ قرآن کریم کو پڑھیں، سمجھیں، غور کریں، یاد کریں اور پھیلائیں
۷	نصیحت حاصل کرنے کا کیا مطلب ہے؟	ج: قرآن میں بتائی گئی باتوں پر عمل کرنا
۸	قرآن سے ہمارا تعلق کتنے طریقے سے ہیں؟	ج: چار: ابراہ راست ۲ شخصی ۳ طے شدہ ۴ متعلق
۹	قرآن کریم کے کتنے حقوق ہیں؟	ج: اس پر ایمان لانا، پڑھنا، سمجھنا، عمل کرنا، دوسروں تک پھیلانا
۱۰	جس رات قرآن کریم نازل ہوا اسے کیا کہتے ہیں؟	ج: لیلۃ القدر
۱۱	تبلیغ کے سلسلے میں آپ ﷺ کی کون سی حدیث اس کتاب میں موجود ہے؟	ج: بلغوا عني ولو آية
۱۲	تدبر کا آسان طریقہ کیا ہے؟	ج: مطالعہ، تصور تا کہ غور کرنے میں مدد ملے اور احساس
۱۳	تذکر کا سادہ طریقہ کیا ہے؟	ج: دعا، احتساب اور پلان
۱۴	قرآن کریم سے ہمارا راست تعلق کس طرح ہے؟	ج: قرآن اللہ کی کتاب ہے، اللہ اس میں ہم سے مخاطب ہے اس لیے جب ہم قرآن پڑھتے یا سنتے ہیں اس وقت ہم پورے اخلاص و توجہ سے پڑھیں اور سنیں تا کہ ہمیں ہدایت حاصل ہو

۱۵	قرآن مجید سے ہمارا شخصی تعلق کس طرح ہے؟	ج: جو بھی آیت ہم پڑھیں یا سنیں اس میں یہ دیکھنا ہے کہ میرے لیے اس میں کیا پیغام اور رہنمائی ہے
۱۶	قرآن کریم سے ہمارا طے شدہ تعلق کس بنا پر ہے؟	ج: جب بھی ہم قرآن مجید کی آیات سنیں یا پڑھیں تو یہ دھیان ہونا چاہیے کہ اس میں میرے لیے ہدایت لکھ دی گئی ہے
۱۷	ہمارا تعلق قرآن مجید سے متعلق کس طرح ہے؟	ج: جب بھی ہم آیات پڑھیں یا سنیں تو سوچیں کیا آج میرے اندر اس میں سے کسی چیز کی کمی ہے۔ اور اس کمی کو دور کرنے کی کوشش کریں

سبق نمبر: ۱۸

۱	کیا قرآن کو سیکھنا اور سمجھنا آسان ہے؟	ج: جی
۲	ذکر کے کتنے معنی ہیں؟	ج: دو: (۱) یاد کرنا (۲) سمجھنا اور نصیحت قبول کرنا
۳	لفظ قرآن کا کیا مطلب ہے؟	ج: بہت پڑھا جانے والا
۴	قرآن کا آسان ہونا کس آیت میں بتایا گیا ہے؟	ج: ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر
۵	قرآن آسان ہے لیکن اسے حاصل کرنے کے لیے ہمیں کیا کرنا ہوگا؟	ج: سیکھنا ہوگا اور محنت کرنی ہوگی

۶	خیرکم من تعلم القرآن وعلمه کا ترجمہ کیجئے اور بتائیے کہ بہترین شخص کسے کہا گیا ہے؟	ج: ''تم میں بہترین شخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔'' بہترین شخص قرآن پڑھنے اور پڑھانے والے کو کہا گیا ہے
۷	زمین پر قائم شدہ لاکھوں کلاسیس میں اللہ کے نزدیک بہترین کلاس کون سی ہے؟	ج: قرآن کی کلاس
۸	قیامت میں تین لوگوں کو پہلے فیصلے کے لیے لایا جائے گا ان میں سے کس کو علم سے متعلق سزا دی جائے گی اور کیوں؟	ج: ایک قاری کو نیت کی خرابی کی وجہ سے سزا دی جائے گی
۹	اعمال کی قبولیت کا دارومدار کس چیز پر ہے؟	ج: نیت پر

سبق نمبر:۱۹

۱	قرآن کو سیکھنے کا بہترین طریقہ کیا ہے؟	ج: بار بار دعا، وسائل کا استعمال اور مسابقت کا جذبہ
۲	کون سی دعا آپ ﷺ کو سکھائی گئی جو علم میں اضافے کا سبب ہے؟	ج: رب زدني علما
۳	علم زیادہ ہوگا تو کیا چیزیں آسان ہوں گی؟	ج: عمل کرنا اور دوسروں کو سمجھانا
۴	قرآن کی پہلی وحی کا پہلا لفظ کون سا ہے؟	ج: اقرأ
۵	فرشتے کس کے لیے تیار ہیں؟	ج: آپ کا ریکارڈ لکھنے کے لیے
۶	کیا اللہ کے پاس مقابلہ صرف مسلم و کافر کا ہے؟	ج: نہیں! بلکہ سب سے اچھا مسلمان کون ہے

دوسرا حصہ

Lesson – 1a Surah Al-Fatiha

Mai panah me aata hu	I seek refuge	میں پناہ میں آتا ہوں	اَعُوذُ
Allah ki	in Allah	اللہ کی	بِ+اللّٰهِ
Se	From	سے	مِنَ
Shaitan	Satan	شیطان	اَلشَّيْطَانِ
Jo mardood hai	the outcast	جو مردود ہے	اَلرَّجِيمِ

Lesson – 2a Surah Al-Fatiha

Naam se	In the name	نام سے	بِسْمِ
Allah ke	Of Allah	اللہ کے	اللّٰهِ
Jo bahut Meharbaan	the Most Gracious	جو بہت مہربان	الرَّحْمٰنِ
Raham karne wala hai	the Most Merciful	رحم کرنے والا ہے	اَلرَّحِيمِ
Tamam ta'areefe aur skhukr	(All) the praises and thanks	تمام تعریفیں اور شکر	أَلْحَمْدُ
Keliye	For	کے لئے	لِ
Rabhai	the Lord	رب ہے	رَبِّ
Tamam Jahano ka	(of) the worlds	تمام جہانوں کا	اَلْعَالَمِينَ
Jo bahut Meharbaan	the Most Gracious	جو بہت مہربان	الرَّحْمٰنِ
Raham karne wala hai	the Most Merciful	رحم کرنے والا ہے	اَلرَّحِيمِ

Lesson – 3a Surah Al-Fatiha

Maalik	Master	مالک	مَالِكِ
Din	the day	دن	يَوْمِ
Badla	Judgment	بدلہ	اَلدِّين
Sirfteri hi	You alone	صرف تیری ہی	إِيَّاكَ
Ham Ibad tkrte hai	Do we worship	ہم عبادت کرتے ہیں	نَعْبُدُ
Ham madad chate hai	Do we ask for help	ہم مدد چاہتے ہیں	نَسْتَعِينُ

Lesson – 4a Surah Al-Fatiha

Hame Hidayat de	guide us	ہمیں ہدایت دے	اهْدِ+نَا
Raste ki	the path	راستے کی	الصِّرَاط
Seedhe	the straight	سیدھے	الْمُسْتَقِيم
Un logo ka	Those	ان لوگوں کا	الَّذِينَ
Tune In'aam kiya	You (have) bestowed favors	تونے انعام کیا	اَنْعَمْتَ
Un per	on them	ان پر	عَلَيْهِمْ
Na	Not	نہ	غَيْرِ
Jin par gazab kiya gaya	(of) those who earned (Your) wrath	جن پر غضب کیا گیا	الْمَغْضُوبِ
Un per	on them	ان پر	عَلَيْهِمْ
Jo Gumrah huwe	those who go astray	جو گمراہ ہوئے	الضالين

Lesson – 5a Azaan

Sab se bada	Greatest	سب سے بڑا	أَكْبَر
Mai gawahideta hu	I bear witness	میں گواہی دیتا ہوں	أَشْهَدُ
Ke	That	کہ	أَنْ
Nahin hai koyi ma'bood	(there is) no god	نہیں ہے کوئی معبود	لَّا اِلٰهَ
Siwaye Allah ke	Except Allah	سوائے اللہ کے	اِلَّااللهُ
Ke	That	کہ	أَنَّ
Muhammad ﷺ	Muhammad (pbuh)	محمد ﷺ	مُحَمَّدًا
Allah ke Rasool	is the Messengerof Allah.	اللہ کے رسول	رَّسُوْلُ اللهِ
Aao	Come	آؤ	حَيَّ
Namaz	the prayer	نماز	اَلصَّلٰوة
Kamiyabi	the prosperity	کامیابی	اَلْفَلَاح
Wo Akela	Alone	وہ اکیلا	وَحْدَهٗ

Lesson – 6a FajarAzaan & After Wudu

Behter hai	Is better	بہتر ہے	خَيْر
Neend se	Than sleep	نیند سے	مِنَ النَّوم
albatta	Certainly	البتہ	قَدْ
Khadi ho gayi	Established	کھڑی ہو گئی	قَامَت
Namaz	Salah	نماز	الصَّلٰوةُ

Koyi shareek nahin	(there is) no partner	کوئی شریک نہیں	لَا شَرِيْكَ
Us ka	To him	اس کا	لَهُ
Us ka bandah	(is) His slave	اس کا بندہ	عَبْدُهُ
Aur us ke Rasool	And His Messenger	اور اس کے رسول	وَ+رَسُولُ+هٗ
O,Allah	O Allah!	اے اللہ	اَللّٰهُمَّ
Bana de mujhe	Make me	بنادے مجھے	اجْعَلْنِي
Touba qubool karne wale	those who repent	توبہ قبول کرنے والے	التَّوَّابِيْنَ
Paak saaf rahne wale	Those who purify themselves	پاک صاف رہنے والے	الْمُتَطَهِّرِينَ

Lesson – 7a Ruku, Sajdh

Paak hai	Glorified	پاک ہے	سُبْحٰنَ
Mera Rabb	My lord	میرا رب	رَبِّي
Azmat wala	The Magnificent	عظمت والا	اَلْعَظِيْم
Sun liya us ne	He heard	سن لیا اس نے	سَمِعَ
Us kijis ne	To the one who	اس کی جس نے	لِمَن
Ta'reef ki us ki	Praised him	تعریف کی اس کی	حَمِده
Aye hamare rabb	Our Lord	اے ہمارے رب	رَبَّنَا
Tere hi liye	And to you	تیرے ہی لیے	وَلَكَ
Har qism ki ta'reefhai	(Be) all the praise	ہر قسم کی تعریف ہے	اَلْحَمْد

Aasmanon ke bharne ke (barabar)	Equal to filling of the skies	آسمانوں کے بھرنے کے (برابر)	مِلْءَ السَّمٰوٰتِ
Zameen ke bharne ke (barabar)	Equal to filling of the earth	زمین کے بھرنے کے (برابر)	مِلْءَ الْاَرْضِ
Aur bhar kar jo	And filling what is	اور بھر کر جو	وَمِلْءَ مَا
Un ke darmiyan hain	In between them	ان کے درمیان ہیں	بَيْنَهُمَا
Tu chaye	You will	تو چاہے	شِئْتَ
Kisi cheez me se	From anything	کسی چیز میں سے	مِنْ شَيْءٍ
Is kebaad	After this	اس کے بعد	بَعْدُ
Sab se buland	The exalted	سب سے بلند	اَلْاَعْلٰي

Lesson – 8a Tashahhud

Sabhi Qouli Ebaadaten	Glorified are You	سبھی قولی عبادتیں	اَلتَّحِيَّاتُ
Sabhi Badani Ebaadaten	and blessed is	سبھی بدنی عبادتیں	اَلصَّلَوَاتُ
Aur Sabhi Maali Ebaadaten	And high is	اور سبھی مالی عبادتیں	وَ+الطَّيِّبَاتُ
Salamti ho	Your Majesty	سلامتی ہو	اَلسَّلٰمُ
Nabi (ﷺ)	The Magnificent	نبی (ﷺ)	النَّبِيُّ
Allah ki rahmat	The mercy of Allah	اللہ کی رحمت	رَحْمَةُ اللهِ
Us ki barkaten	His blessings	اس کی برکتیں	بَرَكَاتُه
Allah ke bande	The slaves of Allah	اللہ کے بندے	عِبَادِاللهِ
Nek	The righteous ones	نیک	الصَّالِحِيْنَ

Lesson – 9a Durood

Rahmat bhej	Send peace	رحمت بھیج	صَلِّ
Tune Rahmath bheji	as you sent peace	تونے رحمت بھیجی	صَلَّيْتَ
Aal per	Family, followers	آل پر	اٰلِ
Ibrahim Alaihis Salam	Ibraheem	ابراہیم علیہ السلام	إِبْرَاهِيْم
Jyse	As	جیسے	كَمَا
Ta'areef ke qabil	worthy of praise	تعریف کے قابل	حَمِيْد
Buzurgi wala	full of glory	بزرگی والا	مَّجِيْد
Barakat ataa farma	Send blessings	برکت عطافرما	بَارِكْ
Tune Barakat ataa ki	you sent blessings	تونے برکت عطاکی	بَارَكْتَ

Lesson – 10a Du'ayen

De Hame	Give us	دے ہمیں	اٰتِ+نَا
Duniya	World	دنیا	اَلدُّنْيَا
Bhalai	Good	بھلائی	حَسَنَةً
Aakhirat	the Hereafter	آخرت	اَلْاٰخِرَة
Aur Bacha hame	And save us	اور بچا ہمیں	وَ+قِ+نَا
Azaab	the punishment	عذاب	عَذَاب
Aag (Dozakh)	the fire	آگ (دوزخ)	اَلنَّار
Madad farma meri	Help me	مدد فرما میری	أَعِنِّي

Teri yaad	To remember you	تیری یاد	ذِكْرِكَ
Aur achi Ebaadat karne per teri	And to perfectly worship you	اور اچھی عبادت کرنے پر تیری	وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

Lesson – 11a Surah Al-Ikhlaas

Kah dijiye	Say	کہہ دیجئے	قُلْ
Ek	One and only	ایک	اَحَد
Be neyaaz	the Self-Sufficient	بے نیاز	اَلصَّمَد
Nahi	He did not	نہیں	لَمْ
Us ne jana	Beget	اس نے جنا	يَلِدْ
Hamsar	Comparable	ہمسر	كُفُوًا

Lesson – 12a Surah Al-Falaq

Subah	the daybreak	صبح	اَلْفَلَق
Shar	(the) Evil	شر	شَر
Jo	that which, What, not	جو	مَا
Us ne paida kiya	He created	اس نے پیدا کیا	خَلَقَ
Andhera	Darkness	اندھیرا	غَاسِق
Cha Jaye	It becomes intense	چھا جائے	وَقَبَ
Phuken Marne waliyan	those who blow	پھونکیں مارنے والیاں	اَلنَّفّٰثٰتِ

Girhen, Ghanthen	Knot	گرہیں، گانٹھیں	اَلْعُقَد
Hasad Karne wala	the envier	حسد کرنے والا	حَاسِد

Lesson – 13a Surah Al-Naas

Baadshah	King	بادشاہ	مَلِك
Maabood	God	معبود	إِلٰـه
Waswasa Dalne wala	the whisperer	وسوسہ ڈالنے والا	اَلْوَسْوَاس
Chup chup kar hamla karne wala	the one who withdraws after whispering	چھُپ چھپ کر حملہ کرنے والا	اَلْخَنَّاس
Seene (Dil)	Chests	سینے (دل)	صُدُوْر
Jinn (Plural)	Jinn	جنّ (جمع)	اَلْجِنَّة

Lesson – 14a Suratul Al-Asr

Qasam hai zamane ki	By the time	قسم زمانہ کی	وَ+الْعَصْرِ
Insaan	Mankind	انسان	اَلْإِنْسَان
Khasaara	Loss	خسارہ	خُسْر
Siwaye	Except	سوائے	اِلَّا
Emaan laye	Have believed	ایمان لائے	اٰمَنُوا
Nek	Righteous	نیک	اَلصَّالِحٰت
Wasiyat ki	advised each other	ایک دوسرے کو وصیت کی	تَوَاصَوْا
Haqki	to the truth	حق کی	بِ+الْحَقِّ
Sabrki	to [the] patience	صبر کی	بِ+الصَّبْرِ

Lesson – 15a Suratul Al-Nasr

Jab	When	جب	اِذَا
Aajaye	Comes	آجائے	جَآءَ
Madad	Help	مدد	نَصۡر
Au rfatah	And the victory	اور فتح	وَ+الۡفَتۡح
Aur ap dekhen	And you see	اور آپ دیکھیں	وَ+رَاَيۡتَ
Log	the people	لوگ	اَلنَّاس
Dakhil ho rahe hai	Entering	داخل ہو رہے ہیں	يَدۡخُلُوۡنَ
Fouj dar fouj	in crowds /troops	فوج در فوج	أَفۡوَاجًا
Pas paki bayan kre	then glorify	پس پاکی بیان کریں	فَسَبِّحۡ
Aur us se bakhshish talab kre	and ask forgiveness of Him	اور اس سے بخشش طلب کریں	وَ+اسۡتَغۡفِرۡ+هُ
Bada touba qubool karne wala hai	Is Oft-forgiving	بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے	كَانَ تَوَّابًا

Lesson – 16a Surah Al-Kafiroon

Kaafir	Disbelievers	کافر	اَلۡكَافِرُوۡن
Mai Ebaada tkarta hu	I worship	میں عبادت کرتا ہوں	أَعۡبُدُ
Tum Ebaadat karte h	You worship	تم عبادت کرتے ہو	تَعۡبُدُوۡنَ
Ebaadat karne wale	Worshippers	عبادت کرنے والے	عَابِدُوۡنَ
Tum ne Ebaadat ki	You worshipped	تم نے عبادت کی	عَبَدۡتُّمۡ

Lesson – 17a Purpose of Revelation

Kitaab	A book	کتاب	كِتٰب
Hm ne Utara usko	We have revealed it	ہم نے اتارا اس کو	أَنْزَلْنَا+هُ
Aapkitraf	to you	آپ کی طرف	إِلَيْكَ
Barakt wali	full of blessings	برکت والی	مُبَارَكٌ
Taki wo gour kre	so that they ponder	تاکہ وہ غور کریں	لِ+يَدَّبَّرُوا
Aayat per us ki	its verses	آیات پر اس کی	آيَاتِ+ ہٖ
Taki Nasihat pakde	and so that (they) receive admonition	تاکہ نصیحت پکڑیں	لِ+يَتَذَكَّرَ
Aqal wale	those of understanding	عقل والے	أُولُوا الْأَلْبَاب

Lesson – 18a Why is it easy?

Aur Albatta Tahqeeq	And indeed	اور البتہ تحقیق	وَ+لَ+قَدْ
Ham ne aasan kiya	We have made easy	ہم نے آسان کیا	يَسَّرْنَا
Tum me se behtreen	The best of you	تم میں سے بہترین	خَيْرُ+كُمْ
Jo	who	جو	مَنْ
Seekhe	learnt	سیکھے	تَعَلَّمَ
Seekhaye us ko	teaches it	سکھائے اس کو	عَلَّمَ+هُ
Bas,Sirf	Only	بس، صرف	إِنَّمَا
A'amal	Actions	اعمال	اَلْأَعْمَالُ
Niyato Per	On intentions	نیّتوں پر	بِ+النِّيَّات

Lesson – 19a How to learn it?

Mujhe Zyada Kar	Increase me	مجھے زیادہ کر	زِدْ+نِي
Jis ne	(The one) who	جس نے	اَلَّذِي
Qalam se	by the pen	قلم سے	بِ+الْقَلَمِ
Koun tum me se	Which of you	کون تم میں سے	أَيُّ+كُمْ
Behter ho ga	is better	بہتر ہو گا	أَحْسَنُ

Lesson – 20a What we learnt..

Alif Laam Meem	Alif Laam Meem	الف لام میم	الم
Kitaab	Is the book	کتاب	اَلْكِتَابُ
Nahin shak	No doubt	نہیں شک	لَارَيْبَ
Hidayat	A guidance	ہدایت	هُدًي
Muttaqiyon ke liye	For the God conscious	متقیوں کے لیے	لِلْمُتَّقِيْنَ
Imaan rakhte hain	Believe	ایمان رکھتے ہیں	يُؤْمِنُون
Gaib par	In the unseen	غیب پر	بِالْغَيْبِ
Aur wo qayem karte hain	And establish	اور وہ قائم کرتے ہیں	وَيُقِيْمُونَ
Nmaaz	The prayer	نماز	اَلصَّلٰوةَ
Aur us se jo	And out of what	اور اس سے جو	وَمِمَّا
Ham ne rizq diya un ko	We have provided them	ہم نے رزق دیا ان کو	رَزَقْنَاهُمْ
Kharch karte hain	They spend	خرچ کرتے ہیں	يُنْفِقُونَ

Us par jo	In what	اس پر جو	بِـمَا
Naazil kiya gaya	Is sent down	نازل کیا گیا	اُنْزِلَ
Aap se pehle	Before you	آپ سے پہلے	من قبلك
Aur Aakhirat par	And in the hereafter	اور آخرت پر	وَبِـالْآخِرَة
Yaqeen rakhte hain	Firmly believe	یقین رکھتے ہیں	يُوقِنُون
Kaamiyaab	Are the successful ones	کامیاب	اَلْمُفْلِحُوْنَ
Zinda	The ever living	زندہ	اَلْحَيُّ
Thaamne wala	The sustainer and protector (all of the exists)	تھامنے والا	اَلْقَيُّوْمُ
Na use aatihai	Does not him	نہ اسے آتی ہے	لَاتَـاخُذُهٗ
Oongh	Slumber	اونگھ	سِنَةٌ
Neend	Sleep	نیند	نَوْمٌ
Wo jo	Is he that	وہ جو	ذَالَّذِيْ
Sifaarish kare	Can intercede	سفارش کرے	يَشْفَعُ
Us kiijaazat se	What his permission	اس کی اجازت سے	بِإِذْنِه
Un ke dono haath	Their hands	ان کے دونوں ہاتھ	اَيْدِيْهِمْ
Un kepiche	In behind them	ان کے پیچھے	خَلْفَهُمْ
Aur nahin wo ihaata karte	And they will never encompass	اور نہیں وہ احاطہ کرتے	وَلَايُحِيْطُون
Us keilm (me) se	of his knowledge	اس کے علم (میں) سے	مِنْ عِلْمِه
Jitna wo chaye	That which he wills	جتنا وہ چاہے	بِمَاشَاءَ

Samaa liya	Encompasses	سما لیا	وَسِعَ
Us ki kursi	His chair	اس کی کرسی	كُرْسِيُّهُ
Aur nahin thakaati usko	He feels no fatigue in	اور نہیں تھکاتی اس کو	وَلَا يَئُودُهُ
Un donon ki hifaazat	Both of them	ان دونوں کی حفاظت	حِفْظُهُمَا

تیسرا حصہ

عربی گرامر

فعل ماضی: وہ فعل ہے جس سے کام کا زمانہ گذشتہ میں ہونا معلوم ہو۔ جیسے **كَتَبَ** (اس نے لکھا)

فعل مضارع: وہ فعل ہے جس سے کام کا کبھی تو زمانہ حال میں اور کبھی زمانہ آئندہ میں ہونا معلوم ہوتا ہے۔ جیسے **يَكْتُبُ** (وہ لکھتا ہے، وہ لکھے گا)

فعل امر: وہ فعل ہے جس کے ذریعہ کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے۔ جیسے **أُكْتُبْ** (لکھ)

فعل نہی: وہ فعل ہے جس کے ذریعہ کسی کام کے کرنے سے روکا جائے۔ جیسے **لَاتَكْتُبْ** (مت لکھ)

نوٹ: فعل ماضی، مضارع، امر اور نہی بنانے کے اصول ہیں جن کا ذکر الگ کیا گیا ہے۔ نیز معروف، مجہول، معتل، مہموز وغیرہ کا بیان بھی ہے تفصیلات کے لیے پی ڈی ایف ڈاؤنلوڈ کریں۔

Code	فعل ماضي	فعل مضارع	مصدر
ف	فَتَحَ	يَفْتَحُ	فَتْحٌ
ن	نَصَرَ	يَنْصُرُ	نَصْرٌ
ض	ضَرَبَ	يَضْرِبُ	ضَرْبٌ
س	سَمِعَ	يَسْمَعُ	سَمْعٌ
ك	كَرُمَ	يَكْرُمُ	كَرَامَةٌ
ح	حَسِبَ	يَحْسِبُ	حَسْبٌ

درج بالا ثلاثی مجرد کے ابواب ہیں، ثلاثی مزید فیہ کے ابواب پی ڈی ایف میں ہے۔

مزید معلومات کے لیے کے ویب سائٹ سے پی ڈی ایف ڈاؤنلوڈ کریں۔

چوتھا حصہ ثلاثی مجرد کی گرادنیں

فَتَحَ، يَفْتَحُ، اِفْتَحْ، لَاتَفْتَحْ، فَاتِحٌ، مَفْتُوْحٌ، فَتْحٌ

He opened		اس نے کھولا		فَتَحَ	
نہی	امر	فعل مضارع		فعل ماضی	
لَاتَفْتَحْ	اِفْتَحْ	تَفْتَحُ	يَفْتَحُ	فَتَحَتْ	فَتَحَ
لَاتَفْتَحُوْا	اِفْتَحُوْا	يَفْتَحْنَ	يَفْتَحُوْنَ	فَتَحْنَ	فَتَحُوْا
لَاتَفْتَحِيْ	اِفْتَحِيْ	تَفْتَحِيْنَ	تَفْتَحُ	فَتَحْتِ	فَتَحْتَ
لَاتَفْتَحْنَ	اِفْتَحْنَ	تَفْتَحْنَ	تَفْتَحُوْنَ	فَتَحْتُنَّ	فَتَحْتُمْ
		أَفْتَحُ		فَتَحْتُ	
		نَفْتَحُ		فَتَحْنَا	

گردان

نَصَرَ، يَنْصُرُ، أُنْصُرْ، لَاتَنْصُرْ، نَاصِرٌ ، مَنْصُوْرٌ ، نَصْرٌ

He helped		اس نے مدد کی		نَصَرَ	
نہی	امر	فعل مضارع		فعل ماضی	
لَاتَنْصُرْ	أُنْصُرْ	تَنْصُرُ	يَنْصُرُ	نَصَرَتْ	نَصَرَ
لَاتَنْصُرُوْا	أُنْصُرُوْا	يَنْصُرْنَ	يَنْصُرُوْنَ	نَصَرْنَ	نَصَرُوْا
لَاتَنْصُرِيْ	أُنْصُرِيْ	تَنْصُرِيْنَ	تَنْصُرُ	نَصَرْتِ	نَصَرْتَ
لَاتَنْصُرْنَ	أُنْصُرْنَ	تَنْصُرْنَ	تَنْصُرُوْنَ	نَصَرْتُنَّ	نَصَرْتُمْ
		أَنْصُرُ		نَصَرْتُ	
		نَنْصُرُ		نَصَرْنَا	

یہاں ثلاثی مجرد کی گرادنیں نمونہ کے طور پر دی گئی ہے۔ مزید گردانوں کے لیے پی ڈی ایف

ثلاثی مزید فیہ کی گرادنیں

سَبَّحَ، يُسَبِّحُ، سَبِّحْ، لَاتُسَبِّحْ، مُسَبِّحٌ، مُسَبَّحٌ، تَسْبِيْحٌ

He glorified		اس نے پاکی بیان کی		سَبَّحَ	
نہی	امر	فعل مضارع		فعل ماضی	
لَاتُسَبِّحْ	سَبِّحْ	تُسَبِّحُ	يُسَبِّحُ	سَبَّحَتْ	سَبَّحَ
لَاتُسَبِّحُوْا	سَبِّحُوْا	يُسَبِّحْنَ	يُسَبِّحُوْنَ	سَبَّحْنَ	سَبَّحُوْا
لَاتُسَبِّحِيْ	سَبِّحِيْ	تُسَبِّحِيْنَ	تُسَبِّحُ	سَبَّحْتِ	سَبَّحْتَ
لَاتُسَبِّحْنَ	سَبِّحْنَ	تُسَبِّحْنَ	تُسَبِّحُوْنَ	سَبَّحْتُنَّ	سَبَّحْتُمْ
		أُسَبِّحُ		سَبَّحْتُ	
		نُسَبِّحُ		سَبَّحْنَا	

گردان

نَزَّلَ ، يُنَزِّلُ ، نَزِّلْ ، لَاتُنَزِّلْ ، مُنَزِّلٌ ، مُنَزَّلٌ ، تَنْزِيْلٌ

He sent down		اس نے اتارا		نَزَّلَ	
نہی	امر	فعل مضارع		فعل ماضی	
لَاتُنَزِّلْ	نَزِّلْ	تُنَزِّلُ	يُنَزِّلُ	نَزَّلَتْ	نَزَّلَ
لَاتُنَزِّلُوْا	نَزِّلُوْا	يُنَزِّلْنَ	يُنَزِّلُوْنَ	نَزَّلْنَ	نَزَّلُوْا
لَاتُنَزِّلِيْ	نَزِّلِيْ	تُنَزِّلِيْنَ	تُنَزِّلُ	نَزَّلْتِ	نَزَّلْتَ
لَاتُنَزِّلْنَ	نَزِّلْنَ	تُنَزِّلْنَ	تُنَزِّلُوْنَ	نَزَّلْتُنَّ	نَزَّلْتُمْ
		أُنَزِّلُ		نَزَّلْتُ	
		نُنَزِّلُ		نَزَّلْنَا	

یہاں ثلاثی مزید فیہ کی گرادنیں نمونہ کے طور پر دی گئی ہے۔ مزید گردانوں کے لیے پی ڈی ایف ڈاؤنلوڈ کریں۔

پانچواں حصہ

قرآنی معلومات کے سوالات

۱	قرآن کے لفظی معنی کیا ہے؟	ج: جسے بار بار پڑھا جائے
۲	قرآن کا موضوع کیا ہے؟	ج: انسان
۳	قرآن مجید کے نازل ہونے کا مقصد کیا ہے؟	ج: انسانوں کی ہدایت
۴	قرآن مجید کی تعلیمات کس کے لئے ہیں؟	ج: دنیا کے سارے انسانوں کیلئے
۵	قرآن مجید کی پہلی وحی میں کتنی آیتیں نازل ہوئیں؟	ج: سورۂ علق کی پانچ آیتیں
۶	قرآن مجید کل کتنی مدت میں نازل ہوا؟	ج: بائیس سال، پانچ ماہ، چودہ دن
۷	قرآن کا پہلا پیغام جو بذریعہ وحی ملا کیا ہے؟	ج: اقرأ (پڑھو)
۸	لفظ "آیت" کا کیا مطلب ہے؟	ج: نشانی
۹	قرآن مجید کی آیات کی کتنی قسمیں ہیں؟	جواب: دو، محکمات اور متشابہات
۱۰	جو آیات اپنے معنی و مفہوم کے لحاظ سے واضح ہوں انہیں کیا کہتے ہیں؟	جواب: آیات محکمات

یہاں نمونہ کے طور پر چند سوالات دیئے گئے ہیں۔ مزید سوالات کے لیے پی ڈی ایف ڈاؤنلوڈ کریں۔